# Directorate of Education GNCT of Delhi

## Practice Question Paper (2023-24)

Subject: Urdu B

Class: I X

Code: 303

Time: 3hrs — Max. Marks: 80

1۔اس سوال نامے میں کل 12 سوالات ہیں۔

2۔یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے۔

3۔ہر حصّے میں دی گئی ہدایت کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیں۔

4۔سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

5۔جواب لکھتے وقت اس کا درست نمبر لکھنا ہر گز نہ بھولیں۔

6۔جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوشخط کا خاص خیال رکھیں۔

## Section A حصّہ الف

1-درج ذیل دونوں درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئیے. (10)

### الف

ایک عقّاب گھٹاؤں کو چیرتا ہوا ایک اُونچے پہاڑ کی چوٹی پر پہنچا اور چکّر پر چکّر لگا کر صدیوں پُرانے ساگوان کے ایک درخت پر بیٹھ گیا۔ وہاں سے جو منظر دکھائی دے رہا تھا اس کی خوبصورتی میں وہ کھو سا گیا اور اسے ایسا محسوس ہونے لگا جیسے دنیا ایک سرے سے دوسرے سرے تک تصویر کی طرح سامنے رکھی ہوئی ہے۔ کہیں دریا میدانوں میں بل کھاتے ہوئے بہہ رہے ہیں۔ کہیں جھیلیں آئینے کی مانند چمک رہی ہیں۔ کہیں پُھولوں سے سجے پیڑ پودے جھوم رہے ہیں اور کہیں سمندر غصّے کے عالم میں اپنی پیشانی پر بل ڈالے ہوئے اپنے منہ سے جھاگ اڑا رہا ہے

(i)۔ درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(ii)۔ اُونچے پہاڑ کی چوٹی پر کون پہنچا؟

(iii)۔ عُقاب کہاں بیٹھ گیا؟

(iv)۔ عُقاب کو خوبصورت منظر دیکھ کر کیسا محسوس ہوا؟

(v) جملہ مکمل کیجئے "۔ کہیں............آئینے کی مانند چمک رہی ہیں

ب

سنو! یہ کیسی آواز آ رہی ہے — کوئی گاؤں کی لڑکی گا رہی ہے
فضا پر، بستیوں پر، جنگلوں پر — دھواں دھار ایک بدلی چھا رہی ہے
چھما چھم مینہہ کی بوندیں پڑ رہی ہیں — کہ ساون کی پری کچھ گا رہی ہے
ہوا کی سرسراہٹ ہے کہ فطرت — پرانی زندگی دہرا رہی ہے
یہ گھر سسرال ہوگا شاید اس کا — جبھی ماں باپ کی یاد آ رہی ہے
جبھی مصروف ہے آہ وفغاں میں — جبھی غمگیں لے میں گا رہی ہے

(i)۔ درجہ بالا اشعار کس نظم سے لیا گیا ہے ؟

(ii)۔ فضاؤں، بستیوں اور جنگلوں پر کیا چھا رہی ہے ؟

(iii)۔ جب مینہہ کی بوندیں پڑتی ہوں تو کیسی آواز آتی ہے ؟

(vi)'۔ آہ وفغاں' سے کیا مراد ہے ؟

(v)۔ لڑکی کو کس کی یاد آ رہی ہے ؟

2۔ درج ذیل دونوں غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئیے۔ (10)

الف

کتنی پیاری پتنگ ہے میری — دیکھ کر عقل دنگ ہے میری
کیسے خوش رنگ، رنگ ہیں اس کے — رنگ کیا شوخ وشنگ ہیں اس کے
آسمانوں میں جا کے اُڑتی ہے — ڈولتی ہے، ادا سے مڑتی ہے
ڈور بھی کاٹ دار ہے اس کی — مثل تلوار دھار ہے اس کی

اُوپر اٹھتی ہے نیچے آتی ہے          دائیں اور بائیں گھوم جاتی ہے

i ۔ڈور کی دھار کس کی طرح ہے؟

ii۔شاعر نے کس کے رنگ کو خوش رنگ کہا ہے؟

iii۔پتنگ کس کے سہارے اُوپر نیچے ہوتی ہے؟

iv۔پتنگ کو دیکھ کر کس کی عقل دنگ ہے؟

v۔پتنگ کہاں جا کر اُڑتی ہے؟

ب

رابندر ناتھ ٹیگور 7 مئی 1861 کو کلکتّہ میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد مہارشی ایک صوفی منش بزرگ تھے۔اُن کی ساری زندگی ایشور بھگتی اور غریبوں کی مدد کرنے میں گزری۔اپنے زمانے کے مشہور عالم تھے۔بنگالی سنسکرت اور ہندی کے ساتھ ساتھ اُردو اور فارسی زبانیں بھی اچھی خاصی جانتے تھے۔سچے دیش بھگت تھے اور شب و روز قوم و ملک کی بہبودی کی فکر میں لگے رہتے تھے۔ٹیگور کے خاندان میں بچوں کی تعلیم و تربیت اسی مخصوص ڈھنگ سے دی جاتی تھی جس پر صدیوں ہندوستان کی تہذیب و تمدن کو فخر رہا ہے۔صبح سویرے اُٹھنا، منہ ہاتھ دھو کر درشن کے لیے اکھاڑے پر پہنچ جانا، اکھاڑے سے نکلتے ہی اسکول چلے جانا۔تمام دن اسکول میں گزار کر سہ پہر کو جب یہ بچّے واپس آتے تو گھر پر پڑھانے والوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا اور رات 9 بجے انھیں قیدیوں کی طرح سونے پر مجبور کر دیا جاتا۔ٹیگور بنگال کے ممتاز ترین امیر خاندان سے تعلق رکھتے تھے مگر اس خاندان میں اپنے بچّوں کی تربیت کا ڈھنگ بھی بس نمونے کا تھا۔بچّوں کے لیے نہ تو قیمتی کپڑوں کا اہتمام تھا، نہ اچھے اچھے مرغن کھانوں کا، نہ عیش و آرام کا وہ تمام سامان فراہم کیا گیا تھا جس نے آج نسلوں کو برباد کر دیا ہے۔خود ٹیگور معمولی قمیص اور پاجامہ پہنتے۔عام طور پر سلیپروں کا ایک جوڑا ملا کرتا تھا۔گھر پر زیادہ تر ننگے پاؤں رہتے تھے۔

(i)۔رابندر ناتھ ٹیگور کہاں پیدا ہوئے؟

(ii)۔رابندر ناتھ ٹیگور کے والد کی زندگی کس طرح کے کاموں میں گزری؟

(iii)۔رابندر ناتھ ٹیگور کس طرح کا لباس پہنتے تھے؟

(iv)۔بچّوں کو رات 9 بجے کس کی طرح سونے پر مجبور کر دیا جاتا تھا؟

(v)۔عیش و آرام کے سامان نے آج کی نسلوں پر کیا اثر ڈالا ہے؟

## حصّہ ب Section B

3۔مندرجہ ذیل دیے گئے عنوان میں سے کسی ایک پر کم سے کم 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئیے (10)

میرے والدین، سفر کے حالات، قومی تہوار

4۔اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے تین دن چھٹی کی درخواست لکھئیے. (5)

یا

اپنی والدہ کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیے

5۔ منشی پریم چند کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے؟ (5)

یا

دُنیا میں وقت کی تلافی کیوں ممکن نہیں ہے

6۔ تلوک چند محرؔوم کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے (5)

یا

اسمٰعیل میرٹھی کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے

## Section C حصّہ ج

7۔درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے دُرست جواب تلاش کر کے لکھیے۔

(i)۔ کسی شخص، جگہ ،اور کیفیت کے نام کو کیا کہتے ہیں (16)

(A)۔صفت

(B)۔ ضمیر

©۔اسم

(D)۔ متضاد

(ii)۔ حق کا جمع بتائے

(A)۔ حقوں

(B)۔ حقوقوں

©۔ حقوق

(D)۔ ہک

(iii)۔اوقات کا واحد بتائے؟

(A)۔موقع

(B)۔وقت

©۔وقتوں

(D)۔وکت

(iv)۔ سردی کا متضاد بتایئے؟

(A)۔ گرمی

(B)۔ برسات

©۔بسنت

(D)۔ کامیابی

(v)۔گل کا مترادف بتایئے؟

(A)۔صدا

(B)۔پھول

©۔دنیا

(D)۔تعریف

(vi)۔وہ لفظ جو اسم کی جگہ پر استعمال ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔

(A)۔صفت

(B)۔ضمیر

©۔اسم

(D)۔واحد

(vii)۔ دھوکے باز کیا ہے؟

(A)۔ضمیر

(B)۔اسم

©۔لاحقہ

(D)۔سابقہ

(viii)۔خوبصورت کا متضاد بتایئے

(A)۔پُرانا

(B)۔مشکل

©۔پریشانی

(D)۔بدصورت

8۔مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے (4)

چہرہ شرم سے سرخ ہونا

عقل پر پردہ ڈالنا

حق مارنا

اپنے منہ میاں مٹھو بننا

## حصّہ د Section D

9۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے (6)

(i)۔ مولا بخش کے پاس بچّے کیوں آتے تھے ؟

(ii)۔ شیاما کو اپنے بھائی کیشو پر ترس کیوں نہیں آیا؟

(iii)۔ پیٹ بھرنے کے بعد شیر کیا کرتا ہے ؟

10۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (2)

(i)۔ گھوڑے نے گھنٹہ کس طرح بجایا؟

(ii)۔ پروفیسر محمد مجیب کہاں پیدا ہوئے ؟

11۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (4)

(i)۔ آریا بھٹ کون تھے ؟

(ii)۔ کتنی راحت فزا ہوا ہے........ مصرع مکمل کیجئے

12۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (3)

(i)۔ گھاس کہتی ہے کہ اے میرے رفیق

کیا انوکھا اس جہاں کا ہے طریق

یہ شعر کس نظم سے لیا گیا ہے ؟

(ii)شاخوں کا بنالیا ہے جھولا

چادر ایک نور کی تنی ہے

ان مصرعوں میں کس صنعت کااستعمال کیا گیا ہے